DIRECTOR PRESS
CPO - KARACHI

----- پریس ریلیز -----

کراچی 08 مئی سنہ 2015

جناب ایس ایس پی عثمان اعجاز باجوہ صاحب آپریشن سی ٹی ڈی سندھ کراچی نے ڈکیتی اغوا برائے تاوان وقتل اورسنگین جرائم میں ملوث حکومت سندھ کے انعام یافتہ ملزمان سندھ پولیس کومطلوب کی گرفتاری کے لئے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی جس کی سربراہی چوہدری غلام صفدر نے کی جنہوں نے ذریعہ پولیس پارٹی کراچی شہر کےمختلف علاقوں میں ٹارگٹڈ آپریشن کرتے ہوئے اندرون شہر کراچی کے مختلف مقامات سے ذیل ملزمان کوگرفتار کیا۔

گرفتار شدہ ملزمان کی تفصیل :۔

(1) محمد ادریس عرف امداد عرف چاندی ولد احمد دین (انعام 05 لاکھ روپے)

(2) شہباز احمد عرف لمبا ولد مشتاق احمد

(3) عبدالرزاق ولد امداد حسین (مفرور تھا)

ملزمان سے ذیل اسلحہ ایمونیشن برآمد ہوا :۔

(1)	01	عدد	222 رائفل	05 گولیاں زندہ
(2)	01	عدد	30 بور پستول	04 گولیاں زندہ

ملزم محمد ادریس عرف امداد عرف چاندی ولد احمد دین اندرون سندھ سکھر۔گھوٹکی۔خیرپور۔کے اضلاع میں 50 سے زائد سنگین مقدمات۔اغواء۔ڈکیتی۔قتل۔اور پولیس مقابلے میں پولیس کومطلوب تھا۔ملزم پرحکومت سندھ نے 05 لاکھ روپے کا انعام مقرر کیا ہوا ہے۔

ملزمان کے خلاف تھانہ CTD آپریشن گارڈن کراچی میں ذیل مقدمات درج رجسٹر ہوئے:۔

(1) مقدمہ الزام نمبر 132/2015 بجرم دفعہ 23(I)A سندھ اسلحہ ایکٹ تھانہ CTD آپریشن گارڈن کراچی

(2) مقدمہ الزام نمبر 133/2015 بجرم دفعہ 23(I)A سندھ اسلحہ ایکٹ تھانہ CTD آپریشن گارڈن کراچی

(3) مقدمہ الزام نمبر 23/2015 بجرم دفعہ 353/324/34 ت پ تھانہ CTD آپریشن گارڈن کراچی

ملزمان سے مزید انٹروگیشن کی جارہی ہے جن سے مزید انکشافات کی توقع ہے۔

DIRECTOR PRESS
CPO - KARACHI

08.05.2015

فون 99212639 ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

راؤ انوار کو ایس ایس پی بدین تعینات نہیں کیا گیا اور نہ ہی کیا جا رہا ہے ۔ ترجمان سندھ پولیس

کراچی، 06 مئی 2015ء۔ ترجمان سندھ پولیس نے اس امر کی سختی سے تردید کی ہے کہ ایس ایس پی راؤ انوار کی تعیناتی ایس ایس پی بدین کر دی گئی ہے یا کی جا رہی ہے۔

ترجمان نے دفتر سے جاری وضاحتی بیان میں اس حوالے سے زیر گردش رپورٹس کو من گھڑت اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی کوئی بھی تجویز یا سفارش نہ زیر غور ہے اور نہ ہی ہوگی۔

انہوں نے مزید کہا کہ غلام مصطفیٰ کورائی بطور ایس ایس پی بدین محکمانہ فرائض انجام دے رہے ہیں۔

#